سوال

(1187)امتحانات میں نقل مارنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میں امتحان کے دوران میں اپنی ساتھی کو جواب لکھوا دیتی ہوں، جبکہ وہ مجھے بہت ہی اصرار کرتی اور مجھ پر قسم ڈال دیتی ہے۔ دینی اعتبار سے یہ کام کیسا ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

امتحان میں نقل کرنا یا نقل کرنے والے کی کسی طرح مدد کرنا جائز نہیں ہے، خواہ زبانی ہو یا ساتھ بیٹھنے والے کو کسی طرح نقل کا موقع دینا ہو یا کسی قسم کا اور حیلہ کیا جائے۔ کیونکہ اس کے معاشرہ پر برے اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ کیونکہ یہ نقل کرنے والا ایسی سند حاصل کر لیتا ہے جس کا وہ اہل اور حق دار نہیں ہوتا، اور پھر کسی ایسے منصب پر براجمان ہو جاتا ہے جس کے وہ لائق نہیں ہوتا اور یہ عمل ایک نقصان اور دھوکہ ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 835

محدث فتویٰ